بچوں کے لیے بائبل

پیشکش

چالیس سال



مصنف : Edward Hughes

تمثیل کار : Janie Forest

مترجم : Overflowing Mercy Foundation Pakistan

مطابقت : Lyn Doerksen

60 کہانیوں میں سے کہانی نمبر 12

www.M1914.org

Bible for Children, *PO Box 3, Winnipeg, MB R3C 2G1 Canada*

لائسنس: آپ کو حق ہے کہ اس کہانی کو کاپی یا پرنٹ کرسکتے جب تک کہ آپ اس مواد کو بیچنا شروع نہ کر دیں۔

اردو Urdu

جب خدا نے اسرائیلیوں کو مصر سے بچایا، موسیٰ نے خدا کی پرستش کرنے میں لوگوں کی راہنمائی کی۔ اس نے ستائش کا ایک گیت لکھا۔

”میں خداوند کے لئے گاؤں گا کیونکہ اس نے اپنے جلال سے فتح یابی بخشی ہے“۔ موسیٰ نے تمام عظیم کاموں کا جو خدا نے اسرائیل کے لئے کئے، گیت گایا۔

3
تین دن بعد پیاسے لوگوں کو
بیابان میں ایک چشمہ ملا۔
4
لیکن وہ کڑوا پانی نہ پی سکے۔ دعا کرنے کی بجائے
لوگوں نے شکایت کی۔ خدا بہت مہربان تھا۔
اس نے پانی کو پینے کے قابل بنایا۔
5
لوگ ہر ایک چیز کے لئے بُڑبڑائے۔ مصر میں ہمارے پاس کھانے کو تھا۔
بیابان میں ہم بھُوک سے مرجائیں گے۔
6
اگلی صبح خدا نے من برسایا۔ یہ روٹی کی ایک قسم ہے جو چکھنے میں شہد کی
طرح ہے۔ زمین پر ہر صبُح من جمع کرنے کے
لئے پڑا ہوتا تھا۔ اس طرح سے خدا نے
اپنے لوگوں کو بیابان میں کھانا کھلایا۔
7
انہیں ہر روز کی خوراک کے لئے خدا پر بھروسہ کرنا تھا۔ لیکن خدا کے یہ کہنے کے
باوجود کہ رات بھر میں زیادہ جمع کی ہوئی خوراک گل سڑ جائے گی، لوگوں نے زیادہ
من جمع کیا۔
8
بالکل ایسے ہی اگلی صبُح سبت کے دن کے علاوہ من کیڑوں سے بھرا تھا۔ خاص
ساتویں دن پر لوگوں نے آرام کیا اور گزُرے ہوئے کل کا من کھایا۔

خدا نے اسرائیلیوں کی بیابان میں دیکھ
بھال کی۔ اس نے انہیں پانی اور
خوراک مہیا کی اور انہیں
دشمنوں سے بچایا۔
9

جب عمالیقیوں نے حملہ کیا تو اسرائیلی
اس وقت تک لڑائیاں جیتتے رہے
جب تک موسیٰ نے خدا کی
لاٹھی کو تھامے رکھا۔
10

خدا نے اسرائیلیوں سے کہا، اگر تم میری آواز سن کر تابعداری
کروگے تو تم میرے خاص لوگ ہوگے۔ لوگوں نے موسیٰ سے کہا کہ
جو کچھ خدا کہتا ہے ہم کریں گے۔ جب موسیٰ خدا سے ملاقات کو
گیا تو لوگوں نے کوہ سینا کی بنیاد کے پاس اس کا انتظار کیا۔
11


موسیٰ خدا کے ساتھ پہاڑ
پر چالیس دن رہا۔ خدا
نے دس احکام پتھر کی
تختیوں پر لکھے۔ خدا
نے موسیٰ کو بتایا کہ وہ
کیسا چاہتا ہے کہ اس
کے لوگ رہیں۔
12


1۔ تم میرے
سامنے کسی اور خدا کو نہ ماننا۔
2۔ نہ اپنے لئے کوئی تراشی
ہوئی مورت بنانا اور نہ اسے
سجدہ کرنا۔
3۔ خداوند کا نام
بے فائدہ نہ لینا۔
4۔ سبت کے دن کو
یاد رکھنا اور اسے
پاک ماننا۔
5۔ اپنے ماں اور
باپ کی عزّت کرنا۔
13


6۔ تم خون نہ کرنا۔
7۔ تم زنا نہ کرنا۔
8۔ تم چوری نہ کرنا۔
9۔ تم جھوٹی گواہی نہ
دینا۔
10۔ تم کسی چیز کا لالچ
نہ کرنا۔
14

جب موسیٰ خدا کے ساتھ کوہ سینا پر تھا
تو اسرائیلیوں نے خوفناک قدم
اٹھایا۔ انہوں نے ہارون کو حکم دیا کہ
ایک سونے کا بچھڑا بنایا جائے اور
انہوں نے خدا کی بجائے اس
بچھڑے کی پرستش کی۔ خدا بہت
ناراض ہوا اور اسی طرح موسیٰ بھی۔



15

جب موسیٰ نے لوگوں کو بچھڑے
کے سامنے ناچتے ہوئے دیکھا تو اس
نے پتھر کی تختیاں زمین پر پھینک
کر توڑ دیں۔ غصے سے موسیٰ نے
سونے کا بُت توڑ دیا۔ اس نے
شریروں کو جنہوں نے اس بُت کی
پرستش کی مار دیا۔

16

خدا نے ان دو پتھر کی تختیوں کا
متبادل دیا۔ خدا نے موسیٰ کو
ایک خیمہ بنانے کو کہا۔



17

ایک بڑا خیمہ اس کے چوگرد باڑ کے
ساتھ، جہاں خدا اپنے لوگوں کے ساتھ رہے
گا۔ وہ وہاں خدا کی عبادت کرتے تھے۔
آگ اور بادل کا ستون ظاہر کرتا تھا کہ خدا
ان کے ساتھ موجود تھا۔



18

جب وہ کنعان کے پاس پہنچے، تو موسیٰ نے بارہ جاسوسوں کو خدا کا اپنے لوگوں کے
ساتھ وعدہ کی ہوئی سرزمین کو دیکھنے کو بھیجا۔

19

سب جاسوس مُتفق تھے، یہ جگہ خُوبصورت تھی۔ لیکن صرف دو لوگوں، یشوع اور
کالب کا ہی ایمان تھا کہ وہ یہ جگہ خدا کی مدد سے فتح کر سکتے ہیں۔

20



چالیس سال

ایک کہانی جو خدا کے کلام، بائبل مقدس میں سے ہے

خروج ۱۵ باب سے گنتی ۱۴ باب تک

”تیری باتوں کی تشریح نور بخشتی ہے۔“
زبور 119: 130

خدا جانتا ہے کہ ہم نے برے کام کیے جنہیں وہ گناہ کہتا ہے۔ گناہ کی سزا موت ہے۔

خدا ہم سے اتنی محبت کرتا ہے کے اس نے اپنے بیٹے یسوع کو بھیجا کہ صلیب پر مرے اور ہماری سزا اٹھائے۔ یسوع پھر زندہ ہوا اور آسمان پر واپس گیا۔ اب وہ ہمارے گناہ معاف کر سکتا ہے۔

اگر آپ اپنے گناہوں سے توبہ کرنا چاہتے ہیں، خدا سے یہ کہیں:

پیارے خدا، میں ایمان رکھتا ہوں کہ یسوع میرے لیے مرا اور اب دوبارہ زندہ ہے۔ مہربانی سے میری زندگی میں آجا اور میرے گناہ معاف کر تاکہ اب میری نئی زندگی ہو سکے اور پھر ہمیشہ تیرے ساتھ رہ سکوں۔ میری مدد کر تاکہ تیرا بیٹا بن کر رہ سکوں۔ آمین۔ یوحنا 16:3

بائبل مقدس پڑھیں اور ہر روز خدا سے باتیں کریں۔